❁ **فرائڈے اسپیشل**، کراچی، ۳۰/نومبر ۲۰۰۱ء

سیرت طیبہ اور تعلیمات نبوی ﷺ کا نقیب، علمی و تحقیقی مجلّہ ششماہی السیرہ عالمی کا شمارہ نمبر ۶ رمضان ۱۴۲۲ھ، نومبر ۲۰۰۱ء شائع ہو کر برائے مطالعہ بازار میں دستیاب ہے۔ السیرہ پر پہلے بھی تفصیل سے تبصرہ آچکا ہے۔ موجودہ شمارے میں بھی سیرت سے متعلق وقیع مضامین اور مقالات شامل کیے گئے ہیں

مولانا ابوالجلال ندوی اور ڈاکٹر عبدالحلیم چشتی صاحبان کے مضامین کافی طویل ہیں اور علمی اور تحقیقی ہیں۔ خوبصورت ٹائٹل سے مزین یہ شمارہ وقت پر شائع ہوا ہے، ٹائٹل پر مرحوم خطاط سید محمد رضی دہلوی کا نمونہ صلّو علیہ و آلہ شائع کیا گیا ہے۔ السیرہ نے اس شمارے میں بھی اپنی اعلیٰ علمی اور دینی روایت کو قائم رکھا ہے۔

❁

❁ **پروفیسر علی محسن صدیقی**، پروفیسر (ر) علوم اسلامیہ و تاریخ اسلامی، کراچی یونیورسٹی، کراچی

مجلّہ ششماہی ''السیرۃ عالمی'' ایک معیاری دینی و ادبی رسالہ ہے اور اس کے ذریعے دین اور زبان اردو کی جو خدمت کی جا رہی ہے وہ قابل قدر ہے، جناب حافظ سیّد فضل الرحمٰن صاحب اور عزیزم سیّد عزیز الرحمٰن سلمہٗ لائق تحسین و تبریک ہیں۔

❁

❁ **عبدالحی ابڑو**، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

تازہ شمارہ ہر لحاظ سے خوب ہے، مضامین میں خوب جدت اور تنوع ہے۔ پیشکش کا انداز بھی دلکش اور پر تاثیر ہے۔ آپ نے ماشاءاللہ اس کٹھن سفر میں بڑی عزیمت دکھائی ہے۔ اللہ تعالیٰ کاوشوں میں برکت ڈالے اور شرف قبولیت سے نوازے۔

❁